ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(259)

22-05-2023

# پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 20روز کی کارکردگی ، 259اشتہاری مجرمان سمیت 452 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او سید محمد عباس

بہاول پور() تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم ،منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔تھانہ کینٹ ،سٹی احمد پور شرقیہ، صدر احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب اور دھوڑ کوٹ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06مقدمات درج کر کے 31ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دا پر لگی ہوئی لاکھوں روپے رقم اور جوا کا سامان برآمد کر لیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 31ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1390لیٹر دیسی شراب ، 110لیٹر لہن معہ 02چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 35ملزمان کو گرفتار کر کے 05 کلو 840 گرام ہیروئین، 32 کلو 710 گرام چرس ،05 کلو بھنگ اور 86 گرام آئس برآمد کر لی۔ پولیس نے ناجائز اسلحہ کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 49 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 43عدد پسٹل 30بور، 02رپیٹر،02رائفل اور 02ریوالور 32بور برآمد کر لیا۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئےضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "اے" کے 17اور"بی" کے 242سمیت 259مجرم اشتہاری جبکہ کیٹگری "اے" کا 01اور کیٹگری "بی" کے 41عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔تھانہ کوتوالی اور سول لائنز پولیس نے پکار 15پر جھوٹی اطلاعات دینے پر02ملزمان کو اور ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تھانہ عنائتی نے 01ملزم جبکہ پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر مقدمات درج کر کے 02ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 20روز میں مختلف کاروائیوں میں 259اشتہاریوں سمیت 452ملزمان کو گرفتار کرلیا، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (260)

22-05-2023

# آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس افسران کی ویلفیئر کے حوالے سے اقدامات، ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ہیلتھ سکریننگ کا عمل جاری۔ پولیس افسران و جوانوں کو صحت کی بہترین سہولیات اور جسمانی طور پر فٹ رکھنے کے لیے ہیلتھ سکریننگ کیمپ کا اہتمام کیا گیا، ڈی پی او سید محمد عباس

بہاولپور (          ) تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے پولیس افسران کی صحت و تندروستی کیلئے جاری کردہ احکامات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر بہاولپور پولیس لائن میں پولیس افسران و جوانوں کو صحت کی بہترین سہولیات اور جسمانی طور پر فٹ رکھنے کے لیے ہیلتھ سکریننگ کا عمل جاری ہے۔ پولیس لائنز بہاولپور میں محکمہ ہیلتھ کے تعاون سے ہیلتھ سکریننگ کیمپ لگایا گیا۔کیمپ میں مرحلہ وائز تمام پولیس افسران کے بلڈ ٹیسٹ کروائے جا رہے ہیں۔ کیمپ میں پولیس افسران کے سی بی سی، ایل ایف ٹیز، آر ایف ٹیز، یورک ایسڈ، بلڈ شوگر فاسٹنگ، ایچ بی اے ون سی، ہیپاٹائٹس اے، بی اور سی، لیپڈ پروفائل، ایچ آئی وی اور آنکھوں کے ٹیسٹ کے ساتھ ساتھ متعدی بیماریوں کی تشخیص ہو سکے گی۔ سکریننگ میں بعد از تشخیص پولیس افسران و جوانوں کا بالکل مفت علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ملازمان کی ہیپاٹائٹس سے بچا کی ویکسینیشن کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا پولیس فورس کی بہترین ویلفیئر اور صحت کے حوالے سے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیس افسران و اہلکاران کی سکریننگ ٹیسٹ کرنے کا مقصد افسران و اہلکاران کی صحت یابی بارے اندازہ لگانا ہے، اور ان کا علاج کروا کر ان کو صحت مند رکھنا ہے۔ پولیس افسران عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت کیلئے دن رات کام کر رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ پولیس کے جوان دہشت گردی، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے ہمہ وقت سینہ سپر ہیں اور شہریوں کی حفاظت امن و سلامتی کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ پولیس افسران کی صحت کا خاص خیال رکھنا لازمی ہے کیونکہ ایک صحت مند پولیس افسر ہی عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت کر سکتا ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پولیس افسران کی ویلفیئر کے حوالے سے اقدامات، ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ہیلتھ سکریننگ کا عمل جاری